جمع وتدوین کے موضوع پر باقاعدہ دستیاب کتابوں میں ابوجعفر دیبلی کی اس کتاب کو سبقت اور اولیت حاصل ہے جو اپنے مابعد کی تمام کتابوں کے لئے نمونہ اور ماخذ کا کام دیتی رہی۔

مولانا عبدالشہید نعمانی جو علمی اور دینی حلقوں میں مقبول اور متعارف ہیں نے اس کا اردو ترجمہ کیا اور مفصل حواشی تحریر کئے ہیں جن سے علمی تحقیقات اور گراں قدر معلومات کا استفادہ ہوتا ہے۔ جناب ڈاکٹر عبدالرحمن غضنفر مالک الرحیم اکیڈمی نے عمدہ طباعت اور معقول قیمت کے ساتھ علمی و دینی حلقوں اور مطالعاتی ذوق رکھنے والے احباب کی خدمت میں یہ قیمتی سوغات پیش کردی ہے یقین ہے کہ ارباب ذوق اس کی قدر کریں گے۔

اللآلی المصنوعۃ فی الروایات المرجوعہ | تالیف مولانا مفتی مہدی حسن شاہجہان پوری۔ صفحات ۸۴ قیمت ۹ روپے

پیش نظر کتاب بھی الرحیم اکیڈمی کی شاندار علمی اشاعت ہے۔ کتاب عربی زبان میں ہے جو دارالعلوم دیوبند کے صدر مفتی مولانا سید مفتی مہدی حسن کی تصنیف ہے۔ جس میں موصوف نے امام اعظم ابوحنیفہؒ، امام ابویوسفؒ اور امام محمدؒ کے وہ تمام منتشر اقوال جن سے ائمہ مذکورہ نے مسائل سے رجوع کیا تھا۔ نہایت جانفشانی اور جستجو سے جمع کئے ہیں پہلے حصہ میں امام اعظم کے اقوال ابواب فقہ کے تحت یکجا کئے ہیں۔ دوسرے حصہ میں امام ابویوسف اور تیسرے حصہ میں امام محمد کے اقوال نقل کئے ہیں۔ تینوں ابواب علمی اور تحقیقی لحاظ سے بصیرت افروز معلومات کا مرقع اور علمی تحقیقات کا گنجینہ ہیں۔ علماء، مدرسین، قضاۃ اور مفتیان کرام فقہ کے طلبہ اور تحقیقی اور فقہی کام کرنے والوں کے لئے اس کتاب سے استفادہ اور علمی عقدہ کشائیوں کا ذریعہ ہوگا۔ قیمت بھی معقول ہے امید ہے کہ اہل علم اس کی قدر کریں گے۔

نفحۃ العرب | از شیخ الادب مولانا اعزاز علیؒ۔ صفحات ۱۰۸۔ قیمت ۵ روپے۔

عربی ادب کی معروف اور اپنے موضوع پر جامع کتاب ہے۔ عربی ادب میں بہترین اسلامی اور اصلاحی مرقع ہے۔ تدریسی ضرورت کے پیش نظر خود مؤلف نے گراں قدر حواشی کا اضافہ بھی کیا ہے۔ وفاق المدارس کے نصاب میں اور اکثر دینی مدارس میں بھی داخل درس ہے۔ طباعت کی عمدگی اور بہترین معیار قابل تعریف ہے۔ اسے بھی الرحیم اکیڈمی نے شائع کیا ہے جس کے مالک جناب ڈاکٹر عبدالرحمن غضنفر صاحب اس لحاظ سے شکریہ کے مستحق ہیں۔ کہ انہوں نے موجودہ مہنگائی کے دور میں قیمتیں نہایت ہی معقول رکھی ہیں۔

دروس حرم | افادات: محمد خیر محمد حجازی (شیخ محمد مکی) صفحات ۴۰۰۔ ناشر دارالاشاعت

عصر حاضر میں دین متین کے خلاف بہت ہی منظم تحریکیں سرگرم عمل ہیں۔ جو مسلمانوں میں شرک و بدعت کے مسموم اور مہلک عقائد کی ترویج کررہے ہیں۔ مگر الحمدللہ علماء امت نے ہر دور میں ان غلط نظریات کی تردید فرماکر امت مسلمہ پر عظیم احسان فرمایا ہے۔ حضرت الشیخ محمد مکی نے مروجہ غلط عقائد اور فاسد نظریات کی تردید اور توحید و سنت کی تبلیغ؛ دروس حرم کی طباعت میں مساعی بھی اسی سلسلہ مبارکہ کی ایک کڑی ہے۔